تو اس کے لیے دوسری روایتی سیاسی جماعتیں ہی کافی ہیں اور وہ ان سے زیادہ اچھے انداز میں معروضی سیاست کے تقاضے پورے کر رہی ہیں۔''

مولانا راشدی صاحب ہمارے عہد کے ایک بے باک اور سچے مبصر ہیں۔ وہ جو لکھتے ہیں اسے نہایت دیانت داری کے ساتھ لکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تحریروں کو عوامی حلقوں میں توجہ سے پڑھا جاتا ہے اور دینی حلقوں میں اہمیت دی جاتی ہے، اس لیے کہ مولانا موضوع کے ساتھ انصاف کرتے ہیں۔ یہ کتاب بھی مولانا راشدی صاحب کے مختلف مضامین کا مجموعہ ہے لیکن اس میں بھی ایک تسلسل موجود ہے۔ (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● **فانی زندگی کے چند ایام (خودنوشت سوانح حیات)** مصنف: مولانا محمد حسن جان مدنی شہیدؒ

ضخامت: ۱۵۴ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد، ضلع نوشہرہ

مولانا محمد حسن جان شہید ہمارے زمانے کے مشہور اہل علم و فضل بزرگ تھے۔ آپ نے جامعہ اشرفیہ لاہور سے دورۂ حدیث کیا اور اس کے بعد جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں زیر تعلیم رہے۔ آپ کے مشہور اساتذہ میں مولانا محمد ادریس کاندھلوی، مولانا رسول خان، مولانا مفتی جمیل احمد تھانوی، شیخ ناصر الدین الالبانی اور شیخ محمد الامین الشنقیطی رحمہم اللہ شامل ہیں۔

مدینہ منورہ سے واپسی کے بعد آپ نے اپنے علاقے میں درس حدیث کے ذریعے خدمت واشاعت دین کے لیے بھرپور کوششیں فرمائیں۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، دارالعلوم نعمانیہ وغیرہ میں آپ کی تدریسی خدمات محتاجِ بیان نہیں۔ آپ نے جمعیت علمائے اسلام کی طرف سے ایک بار الیکشن بھی لڑا اور صوبہ سرحد کے مشہور و معروف لیڈر ولی خان مرحوم کو شہرۂ آفاق اور عبرت ناک شکست سے دوچار کیا۔

زیر نظر کتاب ان کی خودنوشت داستانِ حیات ہے۔ اسلوب وطرزِ بیان عمدہ اور نستعلیق ہے اور کتاب بہت حد تک اصطلاحی سوانح عمریوں کی ہمسری کرتی ہے۔ مولانا شہید نے بہت دلنشین پیرائے میں اپنے حالاتِ زندگی، علمی زندگی کے مراحل اور قریباً ایک درجن ملکوں کے سفرناموں کو بھی بیان کیا ہے۔ ان سب باتوں نے کتاب کو خوبصورت اور دلچسپ بنا دیا ہے۔

کتاب کا مقدمہ جسے مولانا عبدالقیوم حقانی نے تحریر فرمایا ہے۔ جناب حقانی صاحب مدظلہ کی کثرت تصنیف وتالیف وترتیب وجمع وتدوین واہتمام ونگرانی ہم جیسے لوگوں کے لیے بہت زیادہ ہمت افزا ہے، لیکن کبھی کبھی معلوم ہوتا ہے کہ مولانا حقانی مدظلہ کی بسیار نویسی ان کی تحریرات کے معیار پر اثر انداز ہونے لگی ہے۔ زیر نظر مقدمہ بھی الفاظ کے ایک انبوہ کو یکجا کر دینے کی کاوش محسوس ہوتی ہے جو کہیں کہیں سے مضمون کو بے ربط ہونے کا احساس بھی دلاتی ہے۔ (تبصرہ: صبیح ہمدانی)

● **شمع رسالت کے ایمان افروز واقعات** مرتب: محمد اسحاق ملتانی

ضخامت: ۴۵۰ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ، چوک فوارہ ملتان

سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ایمان کا لابدی اور غیر منفک جزو ہے۔ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ